# یہوواہ خدا کی قربت میں رہیں (حصہ 2)

یہ مشق کتاب "پاک کلام کی تعلیم حاصل کریں" کے باب 19 پر مبنی ہے۔ یہ کتاب jw.org پر دستیاب ہے۔

**اِس مشق کا مقصد:** اِس بات کا جائزہ لیں کہ آپ کیا مانتے ہیں اور کیوں؛ اِس حوالے سے پاک کلام کی تعلیم کیا ہے اور آپ اپنے عقیدوں کی وضاحت کیسے کر سکتے ہیں۔



## ہم خدا کے لیے اپنی محبت کو زندہ رکھنے کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

### 1 اپنے نظریات کا جائزہ لیں

آپ کے خیال میں دوسرے لوگ اِس سوال کا کیا جواب دیں گے؟

آپ کیا مانتے ہیں؟

آپ ایسا کیوں مانتے ہیں؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## 2 پاک کلام کی تعلیم پر غور کریں

### پاک کلام کا مطالعہ کرنے اور دُعا کرنے سے ہم خدا کی قربت میں رہ سکتے ہیں۔

(کتاب ”پاک کلام کی تعلیم“ کے باب 19 پیراگراف 14-10 کو دیکھیں۔)

**امثال 5-1:2؛ یوحنا 3:17 اور 1-تیمُتھیُس 15:4 کو پڑھیں۔**

آپ کو پاک کلام کو پڑھنے اور اِس پر سوچ بچار کرنے سے کیا فائدہ ہوتا ہے؟

**زبور 8:62 اور 1-تھسلُنیکیوں 17:5 کو پڑھیں۔**

باقاعدگی سے دُعا کرنا کیوں ضروری ہے؟





جس طرح آگ کے بیچ میں رکھا ہوا کوئلہ دہکتا رہتا ہے اُسی طرح جو مسیحی اپنے ہم ایمانوں کے ساتھ مل کر خدا کی عبادت کرتا ہے، اُس کے دل میں خدا کے لیے محبت قائم رہتی ہے۔



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## یہوواہ خدا چاہتا ہے کہ ہم اپنے مسیحی بہن بھائیوں کے ساتھ مل کر اُس کی عبادت کریں۔

(کتاب ”پاک کلام کی تعلیم“ کے باب 19 پیراگراف 15-23 کو دیکھیں۔)

**1- تیمُتھیُس 6:12 کو پڑھیں۔**

خدا نے اُن لوگوں سے کیسے مستقبل کا وعدہ کیا ہے جو اپنے مسیحی بہن بھائیوں کے ساتھ مل کر اُس کی عبادت کرتے ہیں؟

**2- تیمُتھیُس 4:2 اور عبرانیوں 10:24، 25 کو پڑھیں۔**

ہمیں مُنادی کے کام اور اپنے مسیحی بہن بھائیوں کے ساتھ جمع ہونے کو کیسا خیال کرنا چاہیے؟

اپنے مسیحی بہن بھائیوں کے ساتھ وقت گزارنے سے آپ کی زندگی پر کیا اثر ہوا ہے؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania

## 3 اپنے عقیدوں کی وضاحت کریں

اگر کوئی کہتا ہے کہ . . .

مذہب ہر شخص کا ذاتی معاملہ ہے۔ اِس لیے اِس کے بارے میں دوسروں سے بات نہیں کرنی چاہیے۔

آپ کہہ سکتے ہیں کہ . . .

بہت سے لوگ ایسا ہی سوچتے ہیں۔ لیکن میرا ماننا ہے کہ مسیحیوں کو اپنے مذہب کے بارے میں بات کرنی چاہیے کیونکہ . . .

آپ اُس شخص کو کون سی آیت دِکھا سکتے ہیں؟

آپ اُس شخص کے نظریے کو ذہن میں رکھتے ہوئے اِس آیت کی بِنا پر کون سی دلیلیں دیں گے؟

اگر کوئی کہتا ہے کہ . . .

زندگی بس ایک بار ملتی ہے۔ اِس لیے ہمیں اِس سے بھرپور لطف اُٹھانا چاہیے۔

آپ کہہ سکتے ہیں کہ . . .

یہ سچ ہے کہ ہمیں زندگی کو کم اہم خیال نہیں کرنا چاہیے۔ لیکن میرا ماننا ہے کہ صرف یہی زندگی سب کچھ نہیں ہے کیونکہ . . .

آپ اُس شخص کو کون سی آیت دِکھا سکتے ہیں؟

آپ اُس شخص کے نظریے کو ذہن میں رکھتے ہوئے اِس آیت کی بِنا پر کون سی دلیلیں دیں گے؟



www.jw.org © 2017 Watch Tower Bible and Tract Society of Pennsylvania